پروفیسر کی اس تحریر میں حضرت جبرئیل علیہ السلام کے شخصی وجود اور ان کی اس حقیقت سے انکار ہے جو اسلام نے متعین کی ہے۔ اسلامی عقائد کی رو سے جبرئیل علیہ السلام ایک زندہ فرشتے ہیں جن کا کام نبیوں علیہم السلام کے پاس وحی لانا تھا قرآن کی مندرجہ ذیل دو آیات پرویز کی فکر کی صراحتاً تردید کرتی ہیں

(۱)۔ قل من کان عدوّاً لجبریل فانہ نزلہ علی قلبک باذن اللہ مصدقاً لما بین یدیہ وھدیً و بشریٰ للمومنین [1]

"آپ (ان سے) یہ کہیے کہ جو شخص جبرئیل سے عداوت رکھے سو انھوں نے خدا کے حکم سے یہ قرآن آپ کے قلب تک پہنچایا ہے، یہ قرآن تصدیق کرتا ہے اپنے سے قبل والی کتابوں کی اور رہنمائی کرتا ہے اور خوشخبری سناتا ہے ایمان والوں کو۔"

(۲) من کان عدوّاً للہ و ملائکتہ و رسلہ و جبریل و میکال فان اللہ عدوٌ للکافرین۔ [2]

"جو کوئی شخص دشمن ہو اللہ کا اور اس کے فرشتوں کا اور اس کے پیغمبروں کا اور جبرئیل کا اور میکائیل کا تو اللہ خود دشمن ہے ان کافروں کا۔"

ان دونوں آیات سے معلوم ہوتا ہے کہ سوائے اس طرح جبرئیل اور میکائیل کا بھی وجود خارجی سے لہٰذا جبرئیل کو کسی خاص قسم کی روشنی قرار دینا قرآن اور خدا سے اور قرآن شریف کی تصریحات کے رد کرنا ہے۔

اس قرآن سے لے کر ان تک مسلمانوں کا یہ عقیدہ ہے کہ قرآن شریف

---

[1] سورۃ البقرۃ پ ۱

[2] سورۃ البقرۃ پ ۱

صلی اللہ علیہ وسلم تک حضرت جبریل علیہ السلام کے ذریعہ پہنچا لیکن پورا نظام ایک طرف اور پرویز صاحب ایک طرف، کیا پرویز کے پاس کوئی روشنی قرآن سے نہیں ہے جو نبی صلی اللہ علیہ وسلم تک تھی، جس شخص کا قرآن کے بارے میں متعلق کی حقیقت پر اس قدر مگر ہو وہ قرآن کے بارے میں اور قرآن نے جو کچھ کہا ہے اس کے بارے میں اس کا عقیدہ اس قدر مگر ہو اور خدا نہ ہوگا۔

صدیث اور سنت سے پرویز صاحب کی عداوت پر کہ وہ قرآن کی آیات کے معنی میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی تشریحات کو قبول کرنا چاہتے ہیں ایسے لوگوں کے متعلق قرآن کریم کا یہ ارشاد ہے کہ

ان الذین یلحدون فی آیٰتنا لا یخفون علینا افمن یلقی فی النار خیر ام من یاتی آمنا یوم القیمۃ اعملوا ما شئتم انہ بما تعملون بصیر۔

بلاشبہ وہ لوگ جو ہماری آیات میں کج روی اختیار کرتے ہیں وہ ہم سے چھپے ہوئے نہیں ہیں بھلا جو آگ میں ڈالا جائے گا وہ بہتر ہے یا وہ جو قیامت کے دن امن سے آئے گا۔ کیے جو چاہو بے شک جو کچھ تم کرتے ہو وہ اللہ دیکھتا ہے۔"

اس آیت کریمہ کا حاصل یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کی نازل کی ہوئی آیات کو سن کر جو لوگ کج روی سے کام لیتے ہیں اور سیدھی سیدھی باتوں میں دانستہ الجھاؤ اور غلط شبہات پیدا کرنے کی کوشش کرتے ہیں یا جو لوگ تاویل و تحریف کا مطلب نکالتے ہیں، ان سے وہ لوگ اپنی مکاریوں اور چالاکیوں پر مغرور ہوں مگر اللہ تعالیٰ سے ان کا حال پوشیدہ نہیں اس وقت اس کے سامنے جائیں گے خود دیکھ لیں گے۔ اسی لئے اس سے آگے فرمایا "اعملوا

مشکلوۃ اللہ بعد تعملون بصیر "یعنی پھر تو تمہاری سمجھ میں آ سکتا ہے جا کر یاد رہے کہ تمہاری سب حرکات اس کی نظر میں ہیں ایک ایک کا پورا حساب لگتا پڑے گا۔

اس سے قبل ہم نے جن فتنوں کا تذکرہ کیا، حدیث کے حوالہ سے کیا تھا ان فتنوں اور فتنوں میں انکار حدیث جزوی طور پر تھا یعنی انھوں نے کسی خاص عقیدہ کے متعلق یا دین کے کسی خاص شعبہ کے بارے میں احادیث کو نظر انداز کر دیا لیکن پرویز صاحب نے جس فتنہ انکار حدیث کو پروان چڑھایا ہے اور جس کا وہ علمبردار ہے یہ انکار حدیث دین کے تمام شعبوں پر محیط ہے گویا کہ کلی طور پر احادیث کا انکار ہے۔ چنانچہ اس کا اثر یہ ہوا کہ پرویز صاحب نے دین کے بنیادی اور اساسی عقائد میں بھی تحریف کر دی اور دین کے بنیادی ارکان مثلاً نماز اور زکوٰۃ اور حلال و حرام کے امور میں انھوں نے احادیث کو نظر انداز کر دیا اور اپنے نظریات تخلیق (Create) کئے کہ جن کا دین اسلام سے کوئی تعلق نہیں اور اسی طرح پرویز صاحب نے اپنی دین سے وابستگی بھی ختم کر دی مثلاً ان رات میں پانچ وقت کی نماز فرض ہیں اگر کوئی شخص ان میں سے کسی بھی ایک وقت کی نماز کا سرے سے انکار کر دے تو کافر ہو جائے گا۔ چاہے اب وہ اس انکار کی کوئی بھی تاویل کرے اور کوئی بھی وجہ بتلائے وہ ناقابل قبول ہوگی۔ یہاں تک کہ اگر کوئی یہ کہہ دے کہ میں پانچ وقت کی نماز اس لیے نہیں پڑھتا کہ مجھے قرآن سے ان کا ثبوت نہیں ملتا تو اگرچہ یہ شخص اپنے اس انکار کے لیے قرآن کو سہارا بنا رہا ہے لیکن پھر بھی اس کی یہ بات ناقابل قبول ہوگی۔ چنانچہ پرویز کے نزدیک نماز اگر ہے تو وہ وقت ہے، اور سوائے چند چیزوں کے حرام ہونے کے باقی سب حلال۔ پرویز صاحب کی تحریروں کے مندرجہ ذیل اقتباسات ان نظریات کا منہ بولتا ثبوت ہیں

نماز اور پردہ:

پرویز صاحب نے نماز کے متعلق اپنی کتابوں میں بہت کچھ لکھا ہے۔ نماز کے متعلق لکھنے سے مراد یہ نہیں ہے کہ انھوں نے نماز کی ہیئت، ہیئت، فضائل، اوقات پر کچھ مفید باتیں تحریروں میں بھی ہیں جہاں بھی نماز کے متعلق کچھ لکھا ہے خیال یہ تھا کہ اس میں نماز اور قرآن کی پردہ کے احکام سے مسلمان کس طریقہ سے مسجد کے اندر یا عام جگہ سے اور کن اوقات میں نماز پڑھتے ہیں یہ طریقہ صدیوں سے چلا آرہا ہے اور قرآن میں جہاں جہاں "اقیموا الصلوٰۃ" کا حکم ہے وہاں "قامت صلوٰۃ" سے مراد نماز پڑھنا نہیں ہے جیسا کہ ان سے مراد معاشرہ میں ایک خاص نظام قائم کرنا ہے اسی طرح انھوں نے یہ مقام پر نماز کے متعلق تحریر کیا ہے۔

"یہ تمام ہدایات اس لیے نہ کی جاتی ہیں کہ یہ خدا کا حکم ہے، اس لیے روایت سے اس کا تعلق ہے۔ عقل و بصیرت سے کچھ واسطہ نہیں ہر بھی اس مقام پر ہیں جہاں اسلام سے پہلے یہ تھی۔"

ان کے علاوہ بھی نماز کے متعلق بہت سی پرویزی تحقیقات ہیں جن کو ہم یہاں مختصر طور پر پیش نظر یہاں کر سکتے اس سلسلہ میں صرف ایک اقتباس پیش کیا جاتا ہے

"سورۃ نور میں صلوٰۃ الفجر اور صلوٰۃ العشاء کا ذکر (علیحدہ) آیا ہے جہاں کہا گیا ہے کہ تمھارے گھر کے ملازمین اور بچے کو تمھاری (Privacy) کے اوقات میں صرف تمھارے کمرے کے اندر آنا چاہیے یعنی من قبل صلوٰۃ الفجر و حین

(۱) قرآنی فیصلے (پرویز) صفحہ ۳۰۹

یصلون لیلتکم ھذہ بطھور و من بعد صلوۃ العشاء (۵۸/۳۳) سورۃ
کہف سے پہلے اور جب تم وضو پر کپڑے اتار دیتے ہو اور صلوۃ العشاء کے بعد اس
سے واضح ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں اجتماعات صلوۃ کے لیے (کم
از کم) پانچ اوقات متعین تھے۔ جبھی تو قرآن نے ان کا ذکر نام سے کر دیا ہے۔"[۲]

یوں تو پرویز صاحب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی احادیث مبارکہ کو محبوث کا پلندہ
اور من گھڑت قرار دیتے ہیں جب کہ دوسری طرف خود پرویز صاحب نے پرویزی
مذہب کی چار بنیادیں محبوث پر ہے دینی امور اور مسئلوں کے بارے مسلمہ اور قطعی
عقائد کے متعلق محبوث ہونے میں کوئی شک و شبہ محسوس نہیں ہوتی نماز کے اوقات
کے متعلق یہ کہنا کہ "حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں اجتماعات صلوۃ کے (کم از کم)
پانچ اوقات متعین تھے" سراسر محبوث اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم، صحابہ کرام رضوان
اللہ علیہم اجمعین اور امت کے اکثروں پر یک افسوس ناک تہمت اور افتراء ہے۔

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں نماز کے پانچ اوقات متعین تھے جس پر
واضح، صریح اور قطعی دلائل موجود ہیں اور ان کا ثبوت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے
تواتر اور تسلسل سے ہے اور امت محمدیہ کا شب معراج سے لے کر آج تک اس پر عمل
ہے اور جس نے بھی کبھی کسی نماز میں کسی بھی ایک وقت کی نماز کا انکار کیا علماء امت نے
اس کو کافر قرار دیا اسی بنا پر علماء نے خوارج کو کافر کہا ہے جو دو
وقت کی نماز کے قائل تھے۔ "نسیم الریاض" میں ہے

وکذلک اجمع علی کفر من قال من الخوارج ان الصلوۃ

---

[۲] لغات القرآن، پرویز، ص ۳۳۳، ج ۱

نوعیہ طرفی نہار فقط و بعداد بطرفی لیھار ولد و حرہ

[illegible] ان طریق اجماع سے ان تورج کے ظہر پر جو پیتے تھے [illegible] ان سے
[illegible] ان پر [illegible] سے بھی [illegible] سے شمار ہیں [illegible] آ [illegible] ہیں۔

۲ ۔ میزاد اور زکوٰۃ

(۱) [illegible] زکوٰۃ [illegible] ہیں [illegible] ہیں جو [illegible] کی حکومت مسلمانوں پر [illegible] ہے۔
[illegible] ہیں [illegible] ان شرح متعین نہیں کی گئی [illegible] ہے [illegible] شرح نہیں کا تعین [illegible] صدی پر
[illegible] ہے [illegible] ہے۔ بنگالی صورتوں میں حکومت وہ سب پیداواروں [illegible] ہے جو کسی کی ضروریات
[illegible] ہے [illegible] ہے جب کہ اسلامی حکومت ہے ہو تو پھر زکوٰۃ کی [illegible] نہیں رہتی [illegible]

(۲) [illegible] عاقلت رشدہ [illegible] اپنے [illegible] کی ضروریات [illegible] کے مطابق [illegible] تعین فیصدی
[illegible] مناسب سمجھ تھا تو اس وقت یہی شرح [illegible] تھی [illegible] آج [illegible] موجودہ حکومت ہے کہ اس کی
ضروریات کا تقاضا ہے فیصدی ہے [illegible] ہیں فیصدی [illegible] شرح [illegible] پایا ہے گی [illegible]

زکوٰۃ اسلامی ارکان میں سے ہے اور یہ بہت اہم عبادت ہے۔ قرآن [illegible] ہے
[illegible] عبادت کی بجا آوری کا بار بار حکم دیا ہے اور اس کے مصارف خود متعین کئے ہیں اور
جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کی تمام جزئیات کی تفصیل بیان فرمائی ہے
[illegible] زکوٰۃ واجب ہوگی نصاب زکوٰۃ کیا ہے اور شرائط وجوب کیا ہیں [illegible]
عبادت کو نہیں سمجھا اور اس کی مقرر زکوٰۃ شرح سے انکار کیا ہو جو [illegible] محترمہ

---

(۱) تفہیم القرآن ج ۳ ص [illegible]

(۲) قرآن [illegible] صفحہ [illegible]

(۳) [illegible]

صلی اللہ علیہ وسلم سے منقول چلی آتی ہے سراسر غلط ہے۔

پرویز نے یہ تحریر کیا ہے کہ "خلافت راشدہ سے اپنے زمانہ کی ضروریات کے مطابق ازخود فیصلہ کی مناسب سمجھا تو اس وقت یہی شرح شائع کی" یہ شبہ پیدا کرنے کی مذموم کوشش کی ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں زکوٰۃ کی کوئی شرح متعین نہ تھی چنانچہ خلفاء راشدین نے اپنے زمانہ کی ضروریات کے مطابق اس کی شرح ازخود فیصلہ متعین کر دی چنانچہ جب خلفاء راشدین نے اپنی طرف سے ازخود فیصلہ متعین کر دی تو بعد والے اس میں گھٹا اور بڑھا بھی سکتے ہیں۔

حالانکہ حقیقت یہ ہے کہ زکوٰۃ کی ازخود فیصد شرح خلفاء راشدین نے نہیں بلکہ خود ہی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے متعین تھی اور خلافت راشدہ سے جو کام بھی سرانجام ہوا تھی اس نے اس پر عمل کیا اور پوری امت عہد رسالت سے لے کر آج تک تعامل سے اس پر عمل کرتی چلی آئی ہے اس میں شک والا کوئی گنجائش نہیں ہے۔

مالی و بدنی عبادات کے دو اہم اور بنیادی ارکان نماز اور زکوٰۃ کے متعلق پرویز کے نظریات قارئین کرام پڑھ کر بخوبی یہ سمجھ سکتے ہیں کہ دین کی دوسری مالی و بدنی عبادات کے متعلق پرویز نے کیا کیا شوشہ چھوڑیاں کی ہوں گی۔ ہم نے طوالت سے ڈر کے روزوں اور دوسرے صدقات کے متعلق پرویز کے خیالات نقل نہیں کیے۔ تفصیل کے خواہشمند حضرات پرویز کے متعلق شائع شدہ فتویٰ کا مطالعہ کریں جسے جامعۃ العلوم الاسلامیہ علامہ بنوری ٹاؤن (سابق مدرسہ عربیہ اسلامیہ) کے شعبہ تصنیف نے شائع کیا ہے اس فتویٰ میں قرآن و حدیث ہی کے حوالہ جات سے چنانچہ پرویز اور اس کے متبعین کے مرتکب اس جرم کی پاداش میں اب تک مفتوح ہوں اور پرویز اور اس کے

تحسین سے نوازا ہے۔ ان کی تحریر کا ایک اقتباس ملاحظہ ہو:

"میں نے آپ کی تحریر میں [illegible] کی بات اور ان سے پیدا ہونے والے [illegible] (اعاذنا اللہ منہا) اور ان سے سلامتی تو میں اور ان پر لگائے جانے والے الزامات، تہمتوں اور [illegible] پر [illegible] کچھ نہ کچھ اطمینان سے ان مسائل پر پڑھا ہے تو میں ان کو اپنی بات کا اضافہ سمجھتا ہوں اور اپنے [illegible] سے [illegible] قوی امید رکھتا ہوں کہ [illegible] قیامت تک ہی یہ عمل [illegible] علمی شناخت عیب ہوگی۔"

عمر احمد عثمانی بحیثیت نکارِ حدیث

[illegible] عمر احمد عثمانی مستشرقین کے [illegible] پر عقلی بنیادوں پر [illegible] کا کام پایۂ تکمیل کو پہنچا۔ [illegible] کی [illegible] تھی جو ان سے اس کام کو پایۂ تکمیل تک پہنچانے [illegible] عقلی بنیادوں پر [illegible] کے [illegible] پر عقلی علمی حلقوں میں بھی پسندیدگی کی نگاہ سے دیکھا جاتا رہا ہے۔ اس سے عمر احمد عثمانی کی خدمت حاصل ہیں۔ عمر احمد عثمانی نے [illegible] پر عقلی بنیادوں پر "فقہ القرآن" نامی کتاب لکھنے کا بھی [illegible] کیا تھا۔ اس عقلی بنیادوں پر تشریح و تفسیر کی اور اس طرح عمر احمد عثمانی نے خوب حق خدمت ادا کیا۔ یہ ہو جائے کہ [illegible] پر عقلی بنیادوں پر مختلف رسائل اور کتابوں میں [illegible] عمر احمد عثمانی کی کتاب "فقہ القرآن" اس عقلی کوشش کا مکمل مناسب ہوگا۔

[illegible] عمر احمد عثمانی نے اپنی اس تحریک و تحریک کوشش کا طریقہ سے متعین کیا

ہے۔ اور قرآن کریم کو بطور معجزہ کے استعمال کیا ہے۔ پھر ان تحریکوں والوں نے کہیں قرآن کا نام دیا ہے کہیں "مفہوم القرآن" اور "مطالب الفرقان" اور کہیں "فقہ القرآن" نئے پرکشش نام سے موسوم کیا ہے۔ ان کتابوں کے چھپنے اور ہاتھوں ہاتھ بکنے کی وجہ سے مرجع اور عام عوام جو بصورتی، محمود کاظمی اور دیوبند و اہلحدیث کے باوجود مسیحیان فرنگ کی طرح مصیبت سے حال ہیں اور ان کتابوں میں قرآن کی اصل روح کا فقدان ہے۔ ان خوشنما لفظوں سے جو چیز سامنے آرہی ہے وہ "انکار حدیث" ہے اور انکار حدیث کا لازمی نتیجہ انکار قرآن ہے۔

"فقہ القرآن" کی اب تک چار جلدیں منظر عام پر آچکی ہیں اس کتاب کے مصنف غلام احمد حریری نے فقہ کا مسخ شدہ خاکہ تیار کیا ہے غلام احمد حریری صاحب قرآن کریم سے احکامات اور فقہی مسائل مستنبط کرنے سے پہلے "حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی احادیث سے رہنمائی کی ضرورت محسوس نہیں کرتے اور نہ ہی مقلدین (یعنی امام اعظم ابو حنیفہ، امام مالک، امام شافعی اور امام احمد بن حنبل رحمہم اللہ اجمعین) میں سے کسی کے قول کو خاطر میں لاتے ہیں بلکہ غلام احمد حریری کے ایک معتقد خاص (جناب "طاہر سیوانی" جو کہ خطوط کے تتبع میں ہے آپ کو "طاہر کی" کہتے ہیں) سے ایک قدم اور آگے بڑھاتے ہوئے فقہ القرآن کے تعارف میں احادیث سے رہنمائی کے متعلق یہ تو ہیں آمیز الفاظ استعمال کیے ہیں

"آئیے اب قرآنی کی روشنی روایات کے کثیف بادلوں کے تحت کہاں گم ہو گئی ہے؟"[1]

---

[1] فقہ القرآن، حصہ سوم، ص۳

جب [illegible] مقدمہ حاصل [illegible] فقہ القرآن جلد اول میں مصنف کا تعارف کراتے ہوئے اس بات کا خصوصیت کے ساتھ تذکرہ کیا ہے کہ جناب عمر احمد عثمانی دارالعلوم چندہ پور (بھارت) نے شیخ حدیث رہ چکے ہیں مگر ہمارے یہ شیخ حدیث اور ان کے معتقدین حاصل کا حدیث کے سلسلہ میں جو رویہ (Attitude) اور انداز فکر ہے تو ان کی خدمت میں ہم صرف یہی عرض کر سکتے ہیں

اے اہل کرم خوب ہیں انداز تمہارے
جس شاخ پہ بیٹھے وہی کاٹ رہے ہو

عمر احمد عثمانی صاحب اگر فقہ القرآن کی تصنیف و تالیف سے قبل پوری توجہ اور انہماک کے ساتھ قرآن و حدیث اور اسلامی علوم کے شیخ ہونے کی حیثیت سے باب کرتے قرآن و حدیث اور کتب فقہ کی روشنی میں چند سال (Neutral) ہو کر قرآن کریم کا مطالعہ فرماتے اور پھر اپنا مرتب قرآن اور قرآن فقہ پر عربی اور اردو میں تحریریں لکھنے کا سہرا مطالعہ کی فرماتے تو ان پر یہ بات روز روشن کی طرح واضح ہو جاتی کہ قرآن کریم کی روشنی سے استفادہ کے لیے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی حدیث مبارکہ کس قدر اہمیت رکھتی ہیں۔

دیباچہ فقہ القرآن کی چاروں جلدوں میں عمر احمد عثمانی نے منکرین حدیث اور دور جدید میں منکرین حدیث کے سرخیل علامہ احمد پرویز کی پوری پوری نمائندگی کی ہے لیکن خصوصاً فقہ القرآن کی تیسری جلد میں جس کا عنوان انہوں نے "حقوق نسواں" متعین کیا ہے معلوم ہوتا ہے کہ جناب عمر صاحب کے پورے نفس قدسی ہیں۔

اس میں شک نہیں کہ حقوق نسواں سے متعلق اسلام کے جتنے احکامات ہیں وہ

سب صاف پڑھی ہیں اور ان حکایات میں حد کی طرف سے عورتوں کے لیے متعین کردہ حقوق کا حوالہ دیا گیا ہے لیکن عمر احمد عثمانی "فقہ القرآن" کی تیسری جلد میں "عورتوں اور مردوں کے مساویانہ حقوق" کا عنوان قائم کر کے یہ مضحکہ خیز نظریہ قائم کرتے ہیں کہ "دو اجنبی ایک ساتھ بیک وقت پیدا ہوئے" (ملاحظہ ہو فقہ القرآن جلد سوم صفحہ ۳۱۳) لہٰذا جب پیدائش میں ان میں کوئی تفریق و امتیاز نہیں، کوئی فقیہ یا تاجر نہیں تو پھر دوسرے حالات میں بھی ان میں کوئی امتیاز نہیں ہونا چاہیے۔

تخلیق آدم و حوا کے متعلق ان کا یہ نظریہ یقیناً قرآن و حدیث کی واضح تصریحات کے خلاف ہے لیکن انھوں نے اپنے موقف کے لیے طرح طرح کے مفروضات قائم کر کے قرآن میں تدبر اس سے فہم و قرآن کی فقہی روح کو بری طرح مجروح کیا ہے۔ اس حقیقت سے کچھ مسلمان میں فہم قرآن، تدبر فی القرآن اور قرآن و حدیث سے فقہی حکایات مستنبط کرنے میں ان کی بلند پایہ کاوشوں کا مداق نہ اڑائے اور ان کو بدنام کرنے کی کوشش کی ہے یہاں تک کہ عمر احمد عثمانی نے اپنی "انا" کے زعم میں اپنے والد بزرگوار جناب مولانا مظفر احمد عثمانی اور اپنے رشتہ کے چچا مولانا اشرف علی تھانوی رحمۃ اللہ علیہما کی کوششوں کو بھی قدیم لوگوں کی باتیں اور غلط نقطہ نظر پر قائم رہنے والے لوگوں کا ماننا قرار دے کر مسترد کیا ہے۔

اور پھر طرفہ یہ کہ اس کتاب کا انتساب بھی انھی لفظوں سے کیا ہے۔

تھی نباتات وہ ساز کہنہ است تازہ کن

اگر عمر احمد عثمانی کی یہ تحقیقات یکسر پرس ہو جاتیں تو بہتر تھا لیکن افسوس

۱۔ ملاحظہ ہو حاشیہ صفحہ ۲۲ فقہ القرآن جلد سوم

ے عورت میں [illegible] کے حوالے سے ہیں اور اس کے جواب میں
قائم کیے ہیں اس کے نتیجے میں ایک بات سامنے آتا ہے۔

محمد حسین "حقوق نسواں" و یورپ کی عینک سے دیکھتے ہیں جس سے
مسلمان خواتین پر ذمہ داریوں کا بوجھ ڈالنے کی کوشش کی ہے اور وہ فرض،
عبادات جو اسلام نے مسلمان خواتین پر کی ہیں وہ بھی اس پر ذمہ قرار دے
کے ہیں بتا پڑھ لیتے ہیں

جب یہ صحیتیں وہاں صفحوں میں موجود ہیں اور یہ تمام صحیتیں سے
ثابت ہوتے ہیں تو دونوں کی مساوات بھی مساوی ہیں جیسی حد تک
تو ہیں ایسے [illegible] ہوتا ہے عورتوں پر بھی ہوتا ہے۔ نماز، روزہ،
عبادات حق خدا ہے مردوں پر فرض ہے ہیں عبادتیں فرائض عبادات عورتوں کے
لئے بھی مقرر ہیں۔[۱]

[illegible] کی قائم کی ہے پیش نظر مردوں کے فرائض و واجبات میں فرق
ہے، شوہر اور بیوی کے حقوق سے ہے تو محمد حسین اب مسلمان خواتین
کے لیے کیا حقوق و فرائض مقرر کرتے ہیں

عورتوں پر جمعہ کی نماز فرض ہے

[illegible] آیت یاایھا الذین امنو [illegible] الصلوٰۃ من یوم
الجمعہ سے دلیل میں لاتے ہیں

اس آیت [illegible] سے بھی [illegible] سے بھی خطاب ہے

[illegible] صفحہ ۹۱

عورتیں بھی۔ لہذا قرآن کریم کی اس آیت سے واضح طور پر عورتوں پر بھی جمعہ کی فرضیت ثابت ہوتی ہے۔ لہذا عورتوں پر صلوٰۃ جمعہ فرض ہے اور انہیں جمعہ پڑھنا چاہیے خواہ مردوں کے ساتھ ان کی جامع مسجد میں یا اپنی محلہ کی قائم کردہ مسجدوں میں کسی عورت کی امامت میں"۔ [1]

۲۔ عورتوں پر عیدین کی نماز فرض ہے

نماز جمعہ کے بارے میں تحریر کرتے ہیں

"عیدین کی صلوٰۃ کے متعلق بھی یہی صورت حال ہے"۔

یعنی جمعہ کی طرح عیدین کی نماز بھی فرض ہے اور اس کی ادائیگی بھی جمعہ کی طرح ہوگی۔

"یہ ثابت شدہ امر ہے کہ صرف جمعہ کی نماز کا مسئلہ نہیں عمر احمد عثمانی کے مسلک میں نہ صرف جمعہ بلکہ عید الفطر و عید الاضحیٰ کی نمازیں بھی عورتوں پر فرض ہیں اور اسی طرح فرض ہیں کہ وہ نماز جمعہ اور عیدین ادا کرنے کے لئے مرد ان کی مسجدوں میں جائیں اور اگر یہ ممکن نہ ہو تو اپنے محلہ میں قائم کردہ مسجدوں میں جمعہ و عیدین کی نمازیں قائم کریں۔

یہ عمر احمد عثمانی کے اس خود ساختہ "اجتہاد" کا کرشمہ ہے کہ چودہ سو سال سے امت مسلمہ کے کسی بھی فرد نے چاہے وہ صحابہ ہو یا صحابیات تابعین ہوں یا تبع تابعین یا ان کے بعد کے علماء مجتہدین اور فقہاء میں سے کسی نے بھی عورتوں پر جمعہ

---

(۱) [illegible]

(۲) [illegible]

وحیدین کی مساجد میں نماز پڑھتے ہیں، ان کا عقیدہ ہے کہ قرآن کریم کی تلاوت فرماتے تھے، ان دیکھتے تھے لوگوں نے اپنی پوری پوری عمریں قرآن و حدیث کی خدمت کے لئے وقف کر دی تھیں۔ مگر احمد خان کے علم و فن کے مقابلہ میں ان ۱۴ مجتہدین کے علمی بضاعت تو قطعاً در ہمسری بھی نہیں۔ مگر احمد خان تو ان حضرات کے تلوے دھونے کے بھی نہیں پہنچ سکتے۔ لیکن پندرھویں صدی کے اس نام نہاد مجتہد منکر حدیث و منکر قرآن کے سامنے عورتوں پر جمعہ و عیدین کی نمازیں فرض ہیں

یہ محمد خانی کے جدید طرز کے انکار حدیث کی ایک جھلک تھی ورنہ اس کی کتاب "القرآن" تو پوری کی پوری اسی قسم کی چیزوں سے بھری پڑی ہے۔

مراحمد خانی نما احمد پرویز وغیرہ نے تحقیق قرآن کریم میں معنوی تحریفات کرنے میں یدطولیٰ حاصل کیا ہے۔ یہ مسلمانوں کی صفوں میں گھس کر ان سے بھیڑ بھاڑ کرتے ہیں اور مسلمانوں کے ہاتھ سے ہی وہ اس قسم کے ظریف مسلمانوں میں قصداً چھپے رہتے ہیں تو وہ یقیناً اسلام کی صف میں شامل ہیں اور اگر وہ قصداً نہیں بلکہ اپنی جہالت کے طور پر یہ فریضہ انجام دے رہے ہیں تو یہ مسلمانوں کے لئے "نادان دوست" ہیں کہ جس میں ذاتی کا عنصر صرف ۰.۱ فیصد ہے جب کہ ۹۹.۹ فیصد عنصر ہلاکت کا ہے اور اس کا نتیجہ بہرحال بھی تک ہلاکت خیز اور عبرت انگیز ہے۔ مسلمانوں کو اس قسم کے سانپوں سے بچنا چاہیے!

دوستوں سے ملاقاتوں میں ہمیں سانپوں کا بھی جائزہ لینا چاہیے

منکرین حدیث کی مغالطہ انگیزی

منکرین حدیث حجیت حدیث و مشکوک بنانے اور اپنا الو سیدھا کرنے کے لیے سادہ لوح مسلمانوں کو دھوکہ دیتے ہوئے یہ نعرے لگاتے ہیں کہ ہم قرآن پر عمل کرتے ہیں، اور قرآن ہمارے لیے کافی وشافی ہے اس کے بعد ہمیں کسی چیز کی ضرورت نہیں کیونکہ قرآن کریم ایک مکمل کتاب ہے جس میں ہر چیز بیان کر دی گئی ہے۔ جو قرآن کریم کے بارے میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

ونزلنا علیک الکتاب تبیانا لکل شئ۔

تو جب قرآن کریم اپنے بارے میں یہ کہتا ہے کہ وہ ہر چیز کا بیان ہے تو اب کوئی وجہ نہیں کہ قرآن کو کافی نہ سمجھا جائے اور حدیث کی ضرورت بھی محسوس کی جائے۔

غرضیکہ اس طرح یہ حضرات رجوع الی القرآن، عمل بالقرآن، فہم قرآن اور حسن کتاب اللہ کے دلفریب نعروں سے عوام کو گمراہ کرنے اور سادہ لوح مسلمانوں کو مغالطہ میں ڈالنے کی مذموم کوشش کرتے ہیں۔

قرآن کی جامعیت

حالانکہ یہ بات بالکل واضح ہے کہ قرآن ایک جامع کتاب ہے جس کا مطلب یہ ہے کہ قرآن کریم میں تمام اصولوں کو بیان کر دیا گیا ہے اور عقائد و عبادات، معاملات اور اخلاق سے متعلق تمام مکلفات کھول کھول کر بیان کر دی گئی ہیں۔ اور قرآن کے جامع ہونے کا مطلب ہرگز یہ نہیں ہو سکتا کہ قرآن کریم میں تمام جزئیات اور تمام حوادث و واقعات سے متعلق احکام اور ان کی تفصیلات کا احاطہ کر لیا گیا ہے اور قرآن

ی و آیات محکمات ہیں جن میں بہت سی آیات متشابہات ہیں جو تفسیر کی محتاج ہیں
بہت سی آیات محکمات ہیں جو وضاحت طلب ہیں بہت سی آیات میں صرف اشارات
ہیں جن کی تفصیل کی ضرورت ہے اور یہ سب احادیث شریفہ سے معلوم ہوتی ہیں۔

قرآن صرف الفاظ کا نام نہیں

دوسری بات کی بالکل واضح ہے کہ قرآن صرف الفاظ کا نام نہیں بلکہ قرآن الفاظ
اور معنی دونوں کا نام ہے یعنی اللہ تعالیٰ نے قرآن کریم کو الفاظ میں جس کا معنی
صحت کے ساتھ ادا کرنے سے صرف الفاظ سے کوئی صحت حاصل نہیں ہوتی بلکہ وہ
الفاظ جو معنی سے خالی ہوں مہمل ہوتے ہیں جس کی کوئی وقعت ہی نہیں تو قرآن کریم
جیسی عظیم کتاب صرف الفاظ کا مجموعہ نہیں ہو سکتی بلکہ الفاظ اور معنی دونوں کا نام قرآن
ہے یہی وجہ ہے کہ فقہاء نے جب بھی اصول فقہ میں مسائل کے استنباط کئے ہے
قرآن الفاظ سے نہیں بلکہ قرآن کریم کے الفاظ اور معنی دونوں سے کئے ہیں۔

یہاں قرآن بھی مفہوم من اللہ ہے

اس سے ثابت ہوا کہ ہمارے پاس کلام الٰہی کی تفسیر جس طریقہ سے پہنچی ہے اور جس
قرآن کریم کو ہم تک اس نے پہنچایا ہے جس کی جلد سے جلد میں حقائق
اس نے بیان فرمائے ہیں قرآن کی تفسیر محفوظ نہیں رہ سکتا جو اسے عطا ہوا تو
اسی نے بیان بھی کیا جس سے یہ کتاب کا نزول ہوا اس نے حقائق سے صرف
الفاظ ہی نہیں بلکہ الفاظ کے معنی بھی ساتھ ہی عطا فرمائے ہیں حقائق
کا ارشاد ہے

ن علینا جمعه و قرآنه فاذا قرأناه فاتبع قرآنه ثم ان علینا بیانه

بے شک ہمارے ذمے ہے اس کا (آپ کے سینہ میں) جمع کرنا اور پڑھوانا پس جب ہم اس قرآن کو پڑھ لیں تو آپ اس کے تابع ہو جایا کریں۔ پھر ہمارے ذمہ ہے اس کا بیان کرنا۔

تو جس طرح قرآن کریم وحی کر کے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے سینہ مبارک میں جمع کرنا اور زبان سے پڑھوانا اللہ تعالیٰ کا کام ہے اسی طرح قرآن کریم کا بیان اور اس کے معانی و مطالب کی وضاحت کرنا بھی اللہ تعالیٰ نے اپنے ذمہ لیا ہے۔

یہی وجہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے قرآن کریم کی حفاظت کے بیان فرماتے ہوئے ارشاد فرمایا:

انا نحن نزلنا الذکر و انا له لحافظون (۱)

بے شک ہم نے ذکر (قرآن) کو اتارا اور ہم ہی اس کی حفاظت کرنے والے ہیں۔

یہاں پر اللہ تعالیٰ نے قرآن کریم کو "الذکر" فرمایا لفظ قرآن نہیں ذکر کیا تاکہ کسی کو یہ شبہ نہ ہو کہ قرآن صرف الفاظ کا نام ہے اور اللہ تعالیٰ نے صرف الفاظ کی حفاظت کا وعدہ کیا ہے بلکہ قرآن الفاظ اور معنی دونوں کا نام ہے اور دونوں کی حفاظت اللہ تعالیٰ کے ذمہ ہے چونکہ تعلیمات الفاظ اور معانی دونوں سے حاصل کی جاتی ہے۔

بیان قرآن اور رسول کی ذمہ داری

یہ بات بھی واضح رہے کہ ذمہ داری تو اللہ تعالیٰ نے لی قرآن کے معنی بھی بتائے

---

(۱) سورۃ الحجر پ ۱۴

(۲) سورۃ القیامۃ پ ۲۹

[illegible] اس طرح [illegible] حضور [illegible] صلی اللہ علیہ وسلم [illegible] پہنچ [illegible] کی طرح معلوم ہوگی آپ سے کہیں ملتے ہیں چنانچہ آپ نے مقاصد بعثت قرآن [illegible] میں بیان کیا ہے۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام بارگاہ رب العزت میں بدست دعا ہیں۔

ربنا وابعث فیھم رسولا منھم یتلو علیھم اٰیٰتک و یعلمھم الکتاب و الحکمۃ و یزکیھم انک انت العزیز الحکیم

اے ہمارے پروردگار ان لوگوں میں خود انہی میں سے ایک رسول مبعوث فرما جو انہیں تیری آیات پڑھ کر سنائے اور ان کو کتاب اور حکمت کی تعلیم دے اور ان کا تزکیہ کرے بیشک تو ہی ہے بہت زبردست بڑی حکمت والا۔

تحویل قبلہ کے سلسلہ میں حق تعالیٰ اپنے نعمت کی تکمیل کا ذکر کرتے ہوئے ارشاد فرماتے ہیں

کما ارسلنا فیکم رسولا منکم یتلو علیکم اٰیاتنا و یزکیکم و یعلمکم الکتاب و الحکمۃ و یعلمکم ما لم تکونوا تعلمون [۲]

جس طرح ہم نے تم میں تمہی میں سے ایک رسول بھیجا جو تم کو ہماری آیات پڑھ کر سناتا ہے اور تمہارا تزکیہ کرتا ہے اور تم کو کتاب و حکمت کی تعلیم دیتا ہے اور تمہیں وہ باتیں سکھاتا ہے جو تم نہیں جانتے تھے۔

سورہ آل عمران میں مسلمانوں پر احسان فرمانے کا اظہار ان لفظوں میں کیا

---

(۱) البقرہ پارہ ۱ رکوع ۱۵ آیت نمبر ۱۲۹

(۲) البقرہ پارہ ۲ رکوع ۱۸ آیت ۱۵۱

چاہا ہے:

لقد من اللہ علی المومنین اذ بعث فیھم رسولا من انفسھم یتلوا علیھم اٰیاتہ ویزکیھم ویعلمھم الکتاب والحکمۃ وان کانوا من قبل لفی ضلل مبین۔(۱)

اور سورہ جمعہ میں ارشاد ہوتا ہے:

ھو الذی بعث فی الامیین رسولا منھم یتلوا علیھم اٰیاتہ ویزکیھم ویعلمھم الکتاب والحکمۃ وان کانوا من قبل لفی ضلال مبین (۲)

وہی ہے جس نے ان پڑھوں میں ایک رسول انہی میں سے مبعوث فرمایا کہ وہ ان کو اس کی آیتیں پڑھ کر سناتا ہے اور ان کو سنوارتا ہے اور ان کو کتاب و حکمت سکھاتا ہے اور اس سے پہلے وہ صریح گمراہی میں مبتلا تھے۔

ان آیات بینات میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے مقصد بعثت کو متعین کیا گیا ہے جو حسب ذیل امور پر مشتمل ہے۔

۱۔ تلاوت آیات۔

۲۔ کتاب و حکمت کی تعلیم

۳۔ تزکیہ و تطہیر نفوس

اب ظاہر ہے کہ کتاب و حکمت کی تعلیم تلاوت آیات کے علاوہ کوئی اور ہی چیز ہو سکتی ہے ورنہ اس کا علیحدہ ذکر بے معنی تھا اسی طرح "تزکیہ" بھی آپ کا ایسا خصوصی وصف ہے جو یقیناً قرآن کے الفاظ پڑھ کر سنا دینے سے زائد ہے ورنہ تزکیہ کو ایک

(۱) آل عمران پ ۴ رکوع جمعہ آیت ۱۶۴

(۲) الجمعہ پ ۲۸ رکوع ۲ آیت الف ۲

[illegible] یہ دونوں چیزیں یعنی حکمت
[illegible] ''سنت'' کہا ہے جو ذاتا بیٹھی جس کی بصیرت
[illegible] یہ سب کہتے ہے کہ اس سے مراد
''سنت رسول اللہ'' ہے چنانچہ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ اور دوسرے
حضرات فرماتے ہیں کہ حکمت سے مراد سنت ہی ہے۔

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی کتاب ''رسالہ'' میں اطاعت رسول اور سنت
کی حجیت پر بڑی سیر حاصل بحث کی ہے۔ اسی سلسلہ میں وہ ایک جگہ فرماتے ہیں

[illegible] کتاب کا ذکر کیا جس سے قرآن مراد ہے اور الحکمۃ
[illegible] یا ہے جس کے بارے میں میں نے سنا ہے قرآن کے علماء سے جو میرے نزدیک
پسندیدہ ہیں یہ کہتے سنا کہ اس سے مراد سنت رسول اللہ ہے اور یہ اس لئے کہ
[illegible] کتاب کے ساتھ ملی ہوئی ہے اور اللہ تعالیٰ نے اپنے بندوں پر اپنی اطاعت فرض کی ہے
[illegible] ان بندوں پر حتم قرار دیا ہے اور کتاب اللہ و سنت رسول اللہ کے
[illegible] فرض نہیں کہہ سکتے۔ کیونکہ ہم پہلے بیان کر چکے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے پر ایمان
[illegible] کے ساتھ ساتھ اپنے رسول پر بھی ایمان لانے کا حکم دیا ہے۔''

ایک جگہ پر اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا

وما انزلنا علیک الکتاب الا لتبین لھم الذی اختلفوا فیہ

اور ہم نے آپ پر یہ کتاب صرف اس لئے نازل کی کہ جس میں یہ مختلف کر

[illegible]

[illegible]

رہے تاکہ آپ ان پر اس کو ظاہر کر دیں۔

وانزلنا الیک الذکر لتبین للناس ما نزل الیھم

"اے نبی یہ ذکر (قرآن) ہم نے آپ کی طرف اس لئے نازل کیا ہے تاکہ آپ واضح کر دیں لوگوں کے لئے اس وحی کو جو ان کی طرف نازل کی گئی ہے۔"

اس آیت سے بوضاحت معلوم ہو رہا ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ذمہ یہ خدمت سپرد کی گئی تھی کہ قرآن کریم میں اللہ تعالیٰ نے جو احکام اور ہدایتیں نازل فرمائی ہیں آپ ان کی تبیین فرما دیں۔ تبیین کے معنی ہیں کسی چیز کو کھول کر بیان کرنا جس کے لئے ہم اپنی زبان میں تشریح کا لفظ استعمال کیا کرتے ہیں۔ اور یہ ہر شخص جانتا ہے کہ تشریح اور وضاحت اصل عبارت سے الگ ہوا کرتی ہے قرآن کریم کی اس تبیین و تشریح کا نام حدیث ہے۔ قرآن کریم کے جو معانی و مطالب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی زبان مبارک سے ارشاد فرمائے ہیں وہ "احادیث قولیہ" ہیں اور وہ جن کی تشریح آپ نے اپنے عمل سے فرمائی ہے وہ "احادیث فعلیہ" یا تقریریہ کہلاتی ہے۔

حدیث بھی وحی ہے

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے یہ اقوال و افعال جو کہ قرآن کریم کا بیان اور اس کی تشریح ہیں یہ بھی آپ نے اپنی طرف سے نہیں فرمائے بلکہ یہ بھی اللہ تعالیٰ کی طرف سے القاء ہوتے ہیں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے،

وما ینطق عن الھوی ان ھو الا وحی یوحی "

---

(۱) اور وہ اپنی خواہش سے نہیں بولتے
(۲) وہ تو صرف وحی ہے جو کہ بھیجی جاتی ہے۔

"وہ اپنی خواہش سے کچھ نہیں بولتے وہ تو وحی ہوتی ہے جو بھیجی جاتی ہے۔"

کی بنا پر علماء سنت اور فقہاء ملت نے وحی کی دو قسمیں کی ہیں ایک وحی متلو جو کہ قرآن کریم ہے دوسری وحی غیر متلو جو کہ حدیث شریف ہے اور جیسا کہ ہم ثابت کر چکے ہیں کہ شریعت کے احکام صرف قرآن سے ہی ثابت نہیں بلکہ بہت سے احکام حدیث ہوں علی صاحبہا الصلوٰۃ والسلام سے ثابت ہیں اور جس طرح قرآن کریم شریعت کا ایک ماخذ ہے اسی طرح حدیث بھی شریعت کا ماخذ ہے۔ اسی طرح حدیث بھی شریعت کا ماخذ ہے۔

حدیث کے وحی ہونے پر قرآنی شہادتیں

قرآن کریم کی بہت سی آیات سے ثابت ہے کہ قرآن کے علاوہ بھی جناب رسول صلی اللہ علیہ وسلم پر وحی آتی تھی اور وہ بھی حجت شرعیہ ہوتی تھی چند آیات پیش کی جاتی ہیں۔

۱۔ وما جعلنا القبلة التي كنت عليها الا لنعلم من يتبع الرسول ممن ينقلب على عقبيه (۱)

"اور ہم نے مقرر نہ کیا وہ قبلہ کہ جس پر تو پہلے تھا مگر اسی لئے کہ معلوم کریں ہم کون تابع رہے گا رسول کا اور کون پھر جائے گا الٹے پاؤں۔

مسلمان جب مدینہ ہجرت کر گئے تو اللہ تعالیٰ نے حکم دے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اور مسلمان بیت المقدس کی طرف رخ کر کے سولہ یا سترہ مہینے نماز پڑھتے رہے اس کے بعد بیت اللہ کی طرف رخ کرنے کا حکم ہوا اس پر کچھ لوگوں نے اعتراض

(۱) البقرۃ پارہ ۲ آیت ۱۴۳

یہودیوں نے اعتراضات کئے اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے اسی واقعہ کی طرف اشارہ کرتے ہوئے فرمایا وہ پہلا قبلہ جس کی طرف رخ کیا جاتا تھا وہ ہماری مقرر کیا ہوا تھا اور ایک خاص مصلحت اور فائدہ کے پیش نظر ہم نے وہ قبلہ مقرر کیا تھا ہم دیکھتے ہیں کہ قرآن کریم میں وہ آیت کہیں نہیں ملتی جس میں اس قبلہ کی طرف رخ کرنے کا ابتدائی حکم ارشاد فرمایا گیا ہو لیکن ظاہر ہے کہ یہ حکم وحی غیر متلو کے ذریعہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیا گیا تھا اور یہ بھی معلوم ہو کہ اس کا منسوخ بھی اسی طرح ضروری تھا جس طرح کہ وحی متلو کا۔

۲۔ ما قطعتم من لینة او ترکتموھا قائمة علی اصولھا فباذن اللہ [1]

"تم نے کھجور کا جو درخت کاٹ ڈالا یا اپنی جڑ پر کھڑا رہنے دیا (یہ) اللہ کے حکم سے (کیا)۔"

۶ھ یا ۷ھ کا واقعہ ہے جب یہود قلعہ بند ہو گئے تھے تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے حکم دیا کہ ان کے درخت کاٹ ڈالے جائیں اور باغ اجاڑ دیئے جائیں تاکہ وہ لوگ باہر نکل کر لڑنے پر مجبور ہو جائیں نیز یہ کہ کھلی جنگ کے وقت درختوں کی کاٹ باقی رہے اس پر کچھ درخت کاٹے گئے اور کچھ باقی چھوڑ دیئے گئے تاکہ فتح کے بعد مسلمانوں کے کام آئیں۔ اس فعل پر کافروں نے طعن کرنا شروع کر دیا کہ مسلمان دوسروں کو فساد سے روکتے ہیں مگر خود ہی فساد کرتے ہیں۔ اس آیت میں اس طعن کا جواب دیا جا رہا ہے کہ یہ جو کچھ کیا گیا ہے وہ سب اللہ کے حکم اور اس کے اذن سے کیا گیا۔ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ حکم وحی غیر متلو کے ذریعہ دیا گیا تھا جس کی تعمیل آپ نے کی کیونکہ قرآن

---

[1] سورۃ الحشر پ ۲۸ و ع ۱ آیت ۵

[illegible] میں [illegible] کا ذکر [illegible] اور [illegible] جو [illegible] کے [illegible] یا
[illegible] جس کی تعبیر آپ نے کی اس کی تصدیق وتائید قرآن کے [illegible] کی گئی۔

۳۔ لقد صدق الله رسوله الرؤيا بالحق لتدخلن المسجد الحرام ان شاء الله امنين محلقين رؤوسكم و مقصرين لاتخافون

(اللہ نے سچ کر دکھایا اپنے رسول کا خواب تحقیق طور پر کہ تم داخل ہو کر رہو گے مسجد حرام میں اگر اللہ نے چاہا امن سے۔ بال منڈاتے ہوئے اپنے سروں کے اور کترتے ہوئے بے کھٹکے۔

مدینہ طیبہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے خواب دیکھا تھا کہ ہوا اور اللہ مکہ میں ہو چکا ہے اور مسلمان وہاں کھڑے [illegible] ہو رہے ہیں پھر اتفاق سے اسی سال آپ کا قصد عمرہ کا ہو گیا۔ صحابہ کو خیال ہوا کہ اس سال اللہ میں پہنچیں گے اور عمرہ ادا کریں گے مگر حدیبیہ تک ایسا نہ ہو سکا جس وقت صلح مکمل ہو کر حدیبیہ سے واپسی ہونے لگی تو بعض صحابہ نے عرض کیا یا رسول اللہ کیا آپ نے نہیں فرمایا تھا کہ ہم اس سال مکہ میں داخل ہو کر عمرہ ادا کریں گے آپ نے جواب دیا کہ کیا میں نے یہ بھی کہا تھا کہ اس سال ایسا ہوگا؟ عرض کیا نہیں آپ نے فرمایا بیشک یوں ہی ہو کر رہے گا تم ان دنوں سے مکہ پہنچ کر بیت اللہ کا طواف کرو گے۔

یہاں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے خواب کی اسی طرح تصدیق کی جا رہی ہے جس طرح قربانی کے سلسلہ میں حضرت ابراہیم علیہ السلام کے خواب کی قرآن نے تصدیق کی ہے جس سے معلوم ہوا کہ انبیاء کا خواب بھی وحی میں داخل ہے۔

[illegible] صفحہ [illegible]

"واذا اسر النبی الی بعض ازواجه حدیثا فاخبرت به واظهره الله علیه عرف بعضه واعرض عن بعض فلما نباها به قالت من انبأک هذا قال نبأنی العلیم الخبیر۔"[1]

اور جب کہ پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی کسی بی بی سے ایک بات چپکے سے فرمائی پھر جب اس بی بی نے وہ بات (دوسری بی بی کو) بتلا دی اور پیغمبر کو اللہ تعالیٰ نے اس کی خبر کر دی تو پیغمبر نے (اس خفا کر دینے والی بی بی سے) تھوڑی بات تو جتلا دی اور تھوڑی سی بات کو ٹال گئے پھر پیغمبر نے اس بی بی کو جب وہ بات بتلائی تو وہ کہنے لگی آپ کو اس کی کس نے خبر دے دی آپ نے فرمایا کہ مجھ کو بڑے جاننے والے خبر رکھنے والے (یعنی اللہ تعالیٰ) نے خبر کر دی۔

اس آیت مبارکہ میں اللہ تعالیٰ نے یہ واضح کیا ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ خبر دے دی گئی تھی کہ آپ کی بیوی نے آپ کی راز کی بات دوسری بیوی سے کہہ دی۔ ظاہر ہے کہ یہ بات آپ وحی غیر متلو (حدیث) کے ذریعہ ہی بتائی گئی تھی۔ یہ تک وحی متلو (قرآن) میں اس کا کوئی ذکر نہیں۔

حدیث کی حجیت:

غرض حدیث کا حجت ہونا وحی کی دو قسمیں متلو اور غیر متلو ہونا قرآن کی مندرجہ بالا آیات سے ثابت ہے اور احادیث تو اس بات میں تواتر کی حد تک پہنچی ہوئی ہیں اسی لئے امت نے ہمیشہ سنت کو سند کی حیثیت سے قبول کیا ہے اس کے حجت شرعی ہونے پر تمام امت کا اتفاق واجماع ہے۔

امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں

---

[1] پ۲۸ سورۃ تحریم آیت ۳

"اگر سنت نہ ہوتی ہم سے کوئی شخص قرآن نہیں سمجھ سکتا تھا۔"

امام شوکانی "ارشاد" میں فرماتے ہیں

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت اللہ تعالیٰ کی طرف سے اس کی مراد کو بیان کرنے والی ہے اور قرآن کے الفاظ کے عموم و خصوص پر دلالت کرنے والی، اسی لئے اللہ تعالیٰ نے حکمت کو قرآن کے پہلو بہ پہلو ذکر کیا ہے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے علاوہ مخلوق میں سے کسی اور شخص کو اللہ تعالیٰ نے یہ مقام عطا نہیں فرمایا۔"[۲]

امام غزالی "قسطاس" میں:

"اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشادات حجت ہیں کیونکہ معجزات آپ کی صداقت پر دلیل ہیں اور اللہ تعالیٰ نے ہمیں آپ کی تابعداری کا حکم دیا ہے نیز یہ کہ آپ ہی کے حق میں وارد ہے وما ینطق عن الھوی۔ یعنی آپ اپنی خواہش سے کچھ نہیں بولتے جو کچھ فرماتے ہیں وحی کے ماتحت فرماتے ہیں) لیکن وحی کی ایک قسم وہ ہے جس کی تلاوت کی جاتی ہے یہ "کتاب اللہ" کے نام سے موسوم ہے اور دوسری قسم وہ ہے جس کی تلاوت نہیں کی جاتی یہ "سنت" ہے۔"[۳]

علامہ شوکانی فرماتے ہیں:

"جاننا چاہیے کہ تمام معتبر علماء اس امر پر متفق ہیں کہ سنت مطہرہ کی تشریع احکام کا مستقل ماخذ ہے اور سنت کسی چیز کے حلال اور حرام کرنے میں قرآن کے مثل ہے۔ صحیح حدیث میں وارد ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا "مجھے

---

(۱) ایجاز البیان صفحہ ۳۵

(۲) ارشاد صفحہ ۳۰

(۳) مستصفی صفحہ ۸۲

قرآن دیا گیا اور اسکے ساتھ اس کا مثل" الغرض سنت کا حجت ہونا اور دین اسلام کا حافظ ہونا ضروریات دین میں سے ہے اس کی مخالفت صرف وہی شخص کر سکتا ہے جس کا دین اسلام سے کوئی واسطہ نہ ہو۔"[۳]

علامہ محقق ابن الہمام تحریر فرماتے ہیں

"سنت کا حجت ہونا ضروریات دین میں داخل ہے۔"[۴]

اطاعت رسول:

اسی بناء پر اطاعت رسول دین کے مسلمات میں سے ہے اور امت محمدیہ علی صاحبہا الصلوٰۃ والتسلیم نے اطاعت رسول کو ہمیشہ جزو دین سمجھا ہے، رسول پر ایمان لانے کا مطلب ہی اس کی اطاعت و فرماں برداری ہے چنانچہ اللہ تعالیٰ نے جابجا اطاعت رسول کا حکم دیا ہے۔ چند آیات جن میں اطاعت کا حکم دیا گیا ہے پیش کی جاتی ہیں۔

۱ قل اطیعوا اللہ و الرسول فان تولوا فان اللہ لا یحب الکفرین [۱]

"آپ فرما دیجئے اطاعت کرو اللہ اور رسول کی پھر اگر اعراض کریں تو (سنا دیجئے) اللہ تعالیٰ کافروں سے محبت نہیں۔"

۲ واطیعوا اللہ والرسول لعلکم ترحمون

"اور اطاعت کرو اللہ اور رسول کی تاکہ تم پر رحم ہو۔"

۳ یا ایھا الذین امنوا اطیعوا اللہ ورسولہ ولا تولوا عنہ وانتم

۱۔ [illegible]

۲۔ [illegible]

۳۔ [illegible]

نمبر ۱

"اے ایمان والو اطاعت کرو اللہ اور اس کے رسول کی اور اس سے روگردانی مت کرو حالانکہ تم سن رہے ہو۔"

۳ واطیعوا اللہ ورسولہ ولا تنازعوا فتفشلوا وتذھب ریحکم "

"اور اطاعت کرو اللہ اور اس کے رسول کی اور آپس میں نہ جھگڑو پس نامرد ہو جاؤ گے اور تمہاری ہوا اکھڑ جائے گی۔"

۵ ومن یطع اللہ ورسولہ ویخش اللہ ویتقہ فاولئک ھم الفائزون "

"اور جو کوئی اطاعت کرے اللہ اور اس کے رسول کی اور ڈرتا رہے اللہ سے اور تقویٰ اختیار کرے سو وہی لوگ ہیں کامیاب ہونے والے۔"

۶ قل اطیعوا اللہ واطیعوا الرسول فان تولوا فانما علیہ ما حمل وعلیکم ما حملتم وان تطیعوہ تھتدوا وما علی الرسول الا البلاغ المبین "

"آپ کہہ دیجئے اطاعت کرو اللہ کی اور اطاعت کرو رسول کی پھر اگر تم اعراض کرو گے تو اس نے ذمہ ہے جو بوجھ اس پر رکھا اور تمہارے ذمہ ہے جو بوجھ تم پر رکھا گیا (رسول) کی اطاعت کرو گے تو ہدایت پاؤ گے اور رسول کے ذمہ نہیں ہے مگر پہنچا دینا کھول کر۔"

---

(۱) الانفال رکوع ۳ آیت ۲۰ پ ۹

(۲) [illegible] آیت ۴۶ پ ۹

(۳) [illegible] آیت ۵۲ پ ۹

(۴) [illegible] آیت ۵۲ پ ۹

۷ اقیموا الصلوٰۃ واٰتوا الزکوٰۃ واطیعوا الرسول لعلکم ترحمون

"قائم کرو نماز اور دیتے رہو زکوٰۃ اور اطاعت کرو رسول کی تاکہ تم پر رحم ہو"

۸ یٰاایھا الذین اٰمنوا اطیعوا اللہ واطیعوا الرسول ولا تبطلوا اعمالکم۔ (۱)

"اے ایمان والو اطاعت کرو اللہ کی اور اطاعت کرو رسول کی اور اپنے اعمال کو باطل نہ کرو"

۹ ما اٰتاکم الرسول فخذوہ وما نھاکم عنہ فانتھوا (۲)

"جو کچھ رسول تمہیں دیں تو اسے لے لو اور جس سے تمہیں روکیں اس سے رک جاؤ"

(۱۰) محبت الٰہی کے دعویداروں سے صاف کہہ دیا کہ تمہارے دعوے کی سچائی اسی وقت عیاں ہوگی جب کہ تم اتباع و اطاعت میں سرگرم ہو اتباع رسول کے بغیر محبت الٰہی اور اتباع قرآن کا دعویٰ باطل ہے ارشاد ہے

قل ان کنتم تحبون اللہ فاتبعونی یحببکم اللہ ویغفر لکم ذنوبکم واللہ غفور رحیم۔ (۳)

"آپ فرما دیں اگر تم اللہ سے محبت رکھتے ہو تو میری راہ پر چلو تاکہ تم سے اللہ محبت کرے اور تمہارے گناہ بخشے اور اللہ بخشنے والا مہربان ہے"

---

(۱) [illegible]

(۲) [illegible]

(۳) [illegible]

[illegible] کے ساتھ ساتھ یہ بھی واضح کیا گیا ہے کہ جب تک لوگ اپنے تمام اختلافوں اور تنازعات کے فیصلوں میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو حکم نہ بنائیں تب تک ان کا ایمان کامل نہیں ہو سکتا۔ یہ بھی صاف کہہ دیا گیا ہے کہ رسول برحق صلی اللہ علیہ وسلم کے فیصلوں کو دل کی خوشی اور جان و قلب کی ہمہ تنگی کے ساتھ قبول کرنا ضروری ہے۔ ارشاد ہے

فلا وربک لا یؤمنون حتی یحکموک فیما شجر بینھم ثم لا یجدوا فی انفسھم حرجا مما قضیت ویسلموا تسلیما''

''سو قسم ہے آپ کے رب کی وہ مومن نہ ہوں گے یہاں تک کہ وہ آپ کو ہی منصف جانیں ان جھگڑے میں جو ان میں اٹھے پھر پائیں اپنے جی میں کسی قسم کی تنگی آپ کے فیصلے سے اور قبول کریں خوشی سے۔''

یہ آیت ایک حقیقت بڑی وضاحت کے ساتھ بیان کر رہی ہے اس پر غور کرنے کے بعد کسی مومن کو اطاعت رسول کے بارے میں شک و شبہ نہیں رہ سکتا۔

عرض یہ کہ قرآن کے رسول کے فیصلے سے بعد کسی مومن کو اختیار باقی نہیں رہتا کہ وہ اس سے انحراف کر سکے۔ ارشاد ہے

وما کان لمومن ولا مومنة اذا قضی اللہ ورسولہ امرا ان یکون لھم الخیرة من امرھم ومن یعص اللہ ورسولہ فقد ضل ضلالا مبینا''

---

۱ [illegible] پ ۵

۲ [illegible] پ ۲۲

"بات بالکل صحیح طور پر واضح ہو چکی ہے کہ رسول کے فیصلے کے مقابلے میں کسی شخص کو فیصلہ کرنے کا حق نہیں بلکہ اس کے لئے سعادت و سلامتی کی راہ یہی ہے کہ اور رسول کے فیصلوں کے سامنے سر جھکا دے ورنہ بصورت دیگر اس کے حصہ میں ضلالت و گمراہی کے سوا کچھ نہیں۔

امام محمد بن حنبل شیبانی کا قول پڑھئے فرماتے ہیں

"میں نے قرآن پاک میں غور کیا تو تینتیس ۳۳ مقامات پر جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی اطاعت کا حکم موجود پایا پھر آپ اس آیت کی تلاوت فرمانے لگے فلیحذر الذین الخ (چاہئے کہ ڈریں وہ لوگ جو رسول کے حکم کی مخالفت کرتے ہیں اس بات سے کہ ان پر کوئی فتنہ نہ پہنچ جائے) امام محمد اس آیت کو بار بار پڑھتے جاتے تھے اور فرماتے جاتے تھے کہ سمجھ میں آیا ہے؟ شرک سے ہوگا یہ کہ جب کوئی شخص آپ کے کسی قول کو رد کرے گا تو اس کے دل میں کجی پیدا ہوگی اور پھر جب اس کا دل کجی میں مبتلا ہو جائے گا تو اس کو ہلاک کر دے گا۔"

اور صرف یہی نہیں کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی اطاعت ضروری ہے بلکہ ہر رسول مطاع ہوتا تھا اور امت پر اپنے رسول کی اطاعت لازم تھی قرآن کریم بیان کرتا ہے

وما ارسلنا من رسول الا لیطاع باذن اللہ

"ہم نے کوئی رسول نہیں بھیجا مگر اس لئے کہ اس کی اطاعت کی جائے اللہ کے اذن و حکم سے۔"

---

۱ صفۃ الصفوۃ لابن الجوزی ص ۲۵۵

[illegible] ہدایت کی تعمیل سے متعلق [illegible] ہدایت فرماتے ہیں

یعنی جن لوگوں کی طرف [illegible] بھیجا گیا ہے ان کی اطاعت کریں اور اس سے فیصلوں پر رضامندی کا اظہار کریں جو شخص اس کے فیصلہ پر راضی نہیں وہ اس کی ہدایت سے بھی راضی نہیں وہ اپنے فرض کا تارک اور کافر ہے۔ قاضی عیاض نے یہ آیت اللہ تعالیٰ سے اس عزوجل کے قول یہاں فرمایا ہے کہ جو شخص رسول کے فیصلوں سے صادر ہوا چہ وہ اس کا اظہار کرے کافر ہے۔"

قرآن فہمی کے لئے حدیث کی حاجت

علامہ کا مدعا یہ ہے کہ وہ حضرات جو صرف قرآن اور صرف کتاب اللہ کے نعرے لگاتے ہیں وہ خود بھی اور عوام بھی کہ اس بات سے قرآن فہمی کا یہ تقاضا ہے کہ حدیث حجت ہے اور شریعت کا ایک ماخذ ہے اور قرآن فہمی کے لئے حدیث کی طرف رجوع ناگزیر ہے۔

اور جو عقل سلیم بھی یہی فیصلہ کرتی ہے کہ قرآن سمجھنے اور اس کی مراد متعین کرنے کے لئے ہمیں سب سے پہلے رسول کی طرف رجوع کرنا چاہیے کیونکہ قرآن کی آیات اور ان میں [illegible] سب سے پہلے قرآن سے براہ راست حقائق و معارف حاصل ہوئے جو قرآن سے حاصل ہوئے [illegible] یہ لفظ میں پوشیدہ ہیں، ہدایت کی جو [illegible] شریعت کے احکام کو [illegible] اپنی حیثیت کی بنا پر اپنے وحی [illegible] ہیں۔ شریعت رسول کی اصل حیثیت [illegible]

---

(۱) نیل الاوطار ج ۱ ص ۵۲

قرآن خود اپنے صحیح ہونے کی بنا پر کلی صداقت و بداہت کا اصل نمونہ ہے، جس کے کلمات کی ایک ایک تہہ میں صدہا علوم چھپے ہوئے ہیں۔ اس کے دقائق و حقائق پر اطلاع پانے کے لئے ایک ایسے واسطے کا ہونا ضروری ہے جو ایک طرف سے ذات حق سے قریب تر ہو اور ایک طرف سے بندوں میں شامل ہو وہ محدود استعداد کی حامل ہستی سے صادر ہونے والے کلام کے علوم و معارف پر بذریعہ واسطہ تو دائمی ہستی سے اطلاع پائے اور پھر اسی کی راہنمائی میں عامہ خلائق کو اس پر مطلع کرے۔ اس کام میں کوئی خلا ہو تو وہ اس کا اظہار کرے، کوئی الجھن ہو تو اس کی تفصیل کرے، کوئی ابہام ہو تو اس کو کھول دے غرضیکہ قرآن کی جامعیت کے نتیجے میں پیدا ہونے والی تمام اصولی و کلی تعبیرات کی اصل حیثیت متعین کرے۔

حرفِ آخر

منکرین حدیث کے اٹھائے ہوئے شبہات کی وجہ کوئی علمی مغالطہ نہیں کہ اس کو دور کرنے کی کوشش کی جائے اور یہ امید رکھی جائے کہ اس مغالطے کے دور ہونے کے بعد ان کا شرح صدر ہو جائے گا اور وہ انکار حدیث سے باز آ جائیں گے۔ تریسٹھ اکیاسی قرنوں تک علماء حق نے شرح صدر کے کافی سامان مہیا کر چکے ہیں۔ ان کی روشنی میں جس کی تسلی کا احساس ہو جانا چاہیے تھا لیکن ابھی تک منکرین حدیث نے موقف پر بدستور قائم رہنے اور اس کو اختیار کرنے کی وجہ یہ ہے کہ منکرین حدیث نے بھی ان کا ذہن نہیں پڑھا۔ ان کی پابندیوں نے نفس کی خواہش سے وجود میں آنے والی حدیث نبوی کو قدم قدم پر شہوت نفس میں ملوث پایا ہے۔ حدیث کے ماننے والوں کا

ن ... ی ... ی ہے۔

... یورپ کی بے حیا تہذیب ... مسلمانوں پر ... ہے اور یہی فرانسیسی اس ... مسلمانوں کی تہذیب ... سے متنفر ... ہے ... قی حوالے ... ضرورت نہیں کہ ... سے صاف ... ہے کہ ... ان ... ہے ان منکرین حدیث ... ور میاں کی روشنائی کہ حدیث کا انکار ... یا جن کی ... دی میں اصل مقصد ... تھی اور مسلمان ہونے کے ... قرآن کریم کا ... کیونکہ قرآن کریم کی حیثیت ... اصول اور قانون کی کتاب کی ہے اور یہ دستور ... کی ہے جو بنیادی ... اصول ... کلیات پر مشتمل ہے جن میں ... اور ... پر تاویل کی گنجائش ہے جبکہ حدیث ہوتی ... اصول ... کی شرح اور تفصیل ہیں ... میں تاویل کی ... گنجائش نہیں ... اب یہ ... چاہے اپنی عقل ... باقی رکھنے کے ... قرآن میں من مانی تاویل کرے ... حدیث کا انکار کر دے تو ... اس کی عقل پرستی اور من مانی کی آزادی ختم ہوتی ہے۔

... بات کہ ... یہ کہ قرآن پر عمل ... کے ... دار ... کے ... قرآن سے حدیث کی حجیت، حدیث کا ماخذ ہونا اور قرآن فہمی کے ... حدیث کی ضرورت کو ثابت کرنے کے تمام تحقیق ... کی جائے ... اور ... ہوں مسلمان ہوں ... کے ... قریب قریب ... متاثر ہو جاتے ہیں ... ان ... منکرین حدیث کی ... گمراہیاں ... ہو جائیں۔

... آخر دعوانا ... محمد ... رب العلمین

ساؤتھ فریقہ میں حضرت مفتی صاحب کی ایک اہم تقریر

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الحمد للہ نحمدہ ونستعینہ ونستغفرہ ونعوذ باللہ من شرور انفسنا ومن سیئات اعمالنا من یھدہ اللہ فلا مضلّ لہٗ ومن یُضللہ فلا ھادی لہٗ ونشھد ان لا الٰہ الا اللہ وحدہ لا شریک لہٗ ونشھد ان سیدنا ومولانا محمداً عبدہٗ ورسولہٗ ارسلہٗ إلی کافۃ للناس بالحق بین یدی الساعۃ بشیراً ونذیراً، وداعیاً إلی اللہ باذنہ وسراجاً منیراً اعوذ باللہ من الشیطٰن الرجیم بسم اللہ الرحمن الرحیم وما امروا الا لیعبدو اللہ مخلصین لہ الدین

عزیز طلباء اور حضرات اساتذہ کرام۔ مجھ سے غلطی ہوئی پہلے استاذ ۲۲ سال سے سمجھا نہیں سب چھوٹی ہوئی اللہ معاف کرے۔ اس وقت میری خوش قسمتی ہے کہ آپ حضرات کے سامنے طلباء عزیز کے سامنے اساتذہ کرام کے سامنے چند باتیں عرض کرنے کی سعادت حاصل کر رہا ہوں

یہ جو آیت میں نے ابھی آپ کے سامنے پڑھی ہے یہ سورہ بینہ کی آیت ہے اور اس میں لوگوں کو اس بات کا حکم دیا گیا ہے کہ وہ عبادت کریں اللہ رب العزت کی اس آیت کے اندر ہے جو مخلصین لہ الدین ہے تو صرف تو آپ پڑھ رہے ہیں تو کے اعتبار سے یہ حال واقع ہو رہا ہے تو جو چیز تو کے اعتبار سے حال واقع ہوتی ہے وہ تقدیر کرنے کے اعتبار سے شرط ہوتی ہے تو گویا کہ عبادت کے لئے شرط ہے اخلاص جب

ہ یہ نے بھی اسے مستحب کہا ہے۔ تو ایک نیت تو یہ ہے کہ آدمی شروع میں نیت کرے۔

نماز میں وسوسے آنے کا علاج

امام عزالی رحمۃ اللہ نے فرمایا کہ ایک نیت یہ ہے کہ عبادت کے اندر ہر رکن میں نیت کرے اور اکثر کو یہ آدمی عبادت کے ہر رکن میں نیت کرنے سے بعض لوگوں کو شکایت ہوتی ہے کہ ہمیں وسوسے بہت ہوتے ہیں دل نہیں لگتا آدمی جب ہاتھ باندھے کھڑا ہوتا ہے کہے پروردگار تو اس نیت کیلئے یہ نہیں کہ زبان سے نیت کرے بلکہ دل میں نیت کرے اور نیت تو فعل قلب ہے فعل لسان نہیں جب ہاتھ باندھے کھڑا ہو تو اس وقت کہے اللہ میں تیرے لئے کھڑا ہوں ایک حاجز بندہ ہوں پھر اس کے بعد رکوع میں جائے تو کہے میں تیرے لئے جھک رہا ہوں میری ساری قوتیں میرے سارے اعضاء میرے حواس تیرے لئے جھک رہے ہیں پھر جب سجدہ میں جانے سے پہلے قومہ کرے تو کہے پروردگار میں تیرے لئے کھڑا ہوں اور پھر اس سے جو دو رکعتیں آتی ہیں صبح کی ان میں حسب معمول کتنا طویل سورۃ کا قنوت پڑھنا چاہے پڑھنا چاہے نہ پڑھے اس کے بعد جب سجدہ میں جائے تو سجدہ میں جانے کے بعد سجدہ میں کہے کہ سجدہ میں بندہ سب سے زیادہ اللہ سے قریب ہوتا ہے اس لئے کہ بندہ کے جتنے قوی ہیں حواس ہیں وہ سب سجدہ پر ہو جاتے ہیں اور اس کے بعد اس کو یہ بھی احساس ہوتا ہے کہ دیکھو میں مٹی کے اندر اپنا سر رکھ رہا ہوں میرے سارے حواس ساری قوتیں میرے پروردگار تیرے لئے ہیں پھر جب اس نے سجدہ میں یہ سوچ لیا تو اسے موت کا استحضار ہو جائے گا یہ موت کا استحضار اس کے لئے عجیب نفع سے عجیب تر ہے۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ ارشاد فرماتے تھے

[illegible] لوگ سب سو رہے ہیں جب مریں گے جب
[illegible] نے مرض میں بیت کرے تجھ بدیت کرے تو یہ بدن عجیب
بات ہے اس سے بعد پکی بات یہ ہوگی ۔ ہمارے دوست واحب تو یہ شکایت کرتے
ہیں کہ ہمیں نیند نہیں آتی ہے یہ ساری چیزیں ختم ہو جائیں گی اور خمار میں
رہنے لگے گا، اس کیفیت حادی ہو جائے گی۔

نماز میں اس کتنے کے بارے میں یہ بھی کچھ بچتے کہ نماز میں کر اس لگ جائے تو
بڑی اچھی بات ہے کر نہ لگے تب بھی پڑھتے رہیں بعض لوگوں کا اس چاہتا ہے کہ نماز
چھوڑ دیں کہ نیند نماز چھوڑنا نہیں چاہئے اس لگے تب بھی نماز پڑھے اس حالت
میں اس کی نماز ہو جائے گی۔ دوسرا یہ کہ نماز میں اس لگ رہا ہے کیفیت طاری ہے
اس کیفیت کے ساتھ آدمی نماز پڑھتا ہے اور تو بہت اچھی بات ہے اس کی بدن
بات ہوتی ہے کہ اس کو آدمی کا اس بالکل نہیں لگ رہا ہے چاروں طرف نماز میں کچھ اور
سوچنے کے لئے خیالات کے لیکن اگر اس حالت میں بچنے آپ واقعی میں نماز
پڑھے گا تو میرے خیال میں سے زیادہ جڑے گا۔ آپ حضرت جو میں عبد الحلیم
میں وہ یہ عجیب بات ہے کہ آپ کا تعلق ایسے مدرسے سے ہے جو مولانا یوسف کا ہے
اور تعلق حضرت شیخ رحمہ اللہ سے ہے کہ آپ حضرت والا کی بدن
خوشی ہوتی ہے مجھے اس وقت ایک بات یاد آئی کہ ایک مرتبہ جب میں استنبول پہنچا ہوں کے
جناب میں پہنچا ہوں کہ ایک [illegible] تھے میں نے ان سے پوچھا کہ میں پڑھنے کے
لئے کہاں جاؤں؟ انہوں نے کہا کہ بھئی چلے جاؤ اور کچھ جناب کہنے لگے کہ
چلے جاؤ بعض لوگوں نے کہا کہ مصر الازہر چلے جاؤ ایک یہ تھا کہ رام پور میں چلے جاؤ

ر م پر یہ چھا مدرسہ تھا۔ ایک بزرگ تھے جو ندوہ کے مہتمم بھی تھے شیخ الحدیث بھی تھے انہوں نے کہا نہیں تم مظاہر علوم چلے جاؤ۔ میں نے پوچھا کیوں؟ تو فرمایا کہ میں نے مظاہر علوم کے طلباء کو دیکھا تو میں نے دیکھا ان کے چہرے ایسے جیسے فرشتے ہوں میں اس وقت بھی بلاتشبیہ آپ حضرات کو دیکھ کر اتنی طبیعت خوش ہوتی جیسے اہل مظاہر العلوم کے قدیم طلباء۔ بارک اللہ فی علمکم وعملکم

طالب علم روزانہ نیت کیا کریں

اس لئے آپ لوگ جو علم دین حاصل کر رہے ہیں جو پڑھ رہے ہیں اگر علم دین کے لئے ہر وقت نیت کریں، ایک تو نیت یہ ہے کہ جب آپ مدرسہ میں داخل ہوئے تھے تو داخل ہوتے وقت نیت تو سب سے کی ہوگی اس واسطے کہ بچے آپ کو اتنی مشکلات میں ڈالا ماں باپ کو چھوڑا، اتنی دور سے آنا کوئی کدھر سے آیا کوئی کدھر سے آیا لیکن ایک صورت یہ ہے کہ ہر بار جب آپ اٹھ کریں اور فجر نماز کے بعد اور جس وقت درس گاہ جایا کریں تو دل میں یہ نیت کریں کہ پروردگار میں تیرے لئے پڑھ رہا ہوں۔ آپ اس کے بعد دیکھیں گے آپ کے اس کی کیفیت بدل جائے گی اور آپ کے مقصد تعلیم میں فرق آجائے گا اور اللہ تعالیٰ اس میں برکت دے گا۔ آپ میری اس بات کو یاد رکھنا، یاد رکھنا اس سے برکت پیدا ہو جائے گی نماز میں، علم میں۔ دین کے مدارس وقت نے مسئلے ہیں اتنی مشکلات ہیں اس وقت دین کے اندر آپ جیسے طلباء کی بہت ضرورت ہے لیکن اس میں ایک بات اور بھی ہے یہ مت سمجھو کہ ہم جلدی جلدی بغیر دل لگائے پڑھ لیں اور پڑھنے کے بعد ہم دنیا کے سامنے آجائیں دنیا کا علاج کرنے کے لئے دنیا کے فتنوں کا علاج بڑا مشکل کام ہے جب تک کہ

آپ پھل اور پتے ضرور حاصل کریں گے جس سے آپ کا پیٹ بھر جائے گا آپ اپنا مقصد حاصل کر سکتے ہیں۔ قرآن یہ کہتا ہے کہ ہم نے تمہیں اس وجہ سے پیدا کیا ہے۔

امت محمدیہ امت وسط ہے

قرآن کریم میں ارشاد ہے وکذلک جعلنکم امۃ وسطا لتکونوا شھداء علی الناس ویکون الرسول علیکم شھیدا۔ کہ ہم نے تم کو امت وسط بنایا ہے تاکہ تم گواہ ہو وسط کے معنی ہیں انصاف۔ کہ آپ لوگوں کا تجزیہ کریں گے بعد پتہ چلے گا کہ کس نے کیا؟ اس میں دو چیزیں ہیں ایک جسم دوسری روح۔ جسم کا تعلق عالم خلق سے ہے اور روح کا تعلق عالم امر سے ہے۔ بعض لوگوں نے جو [illegible] سے ہے وہ خلق ہے اور جس کا حواس سے ادراک کیا جائے وہ امر ہے۔ مطلب یہ ہے کہ ہر شخص میں دو چیزیں ہیں۔ لنعطیکم حق لنجسم وحق لروح۔ ہر شخص کا حق بھی ہوتے ہیں اور روح کا حق بھی ہوتے ہیں۔ کہ آپ دنیا کی تاریخ پڑھیں اور دنیا کے مذہب کو دیکھیں تو معلوم ہوگا کہ بعض لوگ صرف روح کا حق ادا کرتے تھے اب تو ایسے لوگ ختم ہو گئے پہلے زمانہ میں یہ تھا کہ وہ روح کا حق ادا کرتے تھے ایسے بدھ مذہب کے لوگ تھے جنگل میں جاتے تھے جنگل میں پڑے رہتے تھے اور یہ کہتے تھے ہم اس سے حق ادا کرتے ہیں اپنے اوپر بڑی مشقت برداشت کرتے تھے تکلیف برداشت کرتے تھے۔ آپ پڑھتے ہوں گے کہ ہندوستان میں ایسی عجیب باتیں ہیں ان سب سے یہ مقصد ہوتا تھا کہ ایک نفسانی دھوکے کا [illegible]

